باسمہ تعالیٰ

شرائط برائے شرکتِ نکاح

جو حضرات اس ناکارہ سے حسن ظن کی بنا پر اپنا یا اپنے کسی عزیز کا نکاح پڑھوانا چاہتے ہیں وہ حضرات مندرجہ ذیل شرائط کی پابندی کریں، اس کے خلاف کرنے پر بندہ شرکت سے معذور ہے:۔

﴿۱﴾ نکاح مسجد میں ہونی چاہیے بدرجۂ مجبوری سادگی کے ساتھ اپنے مکان میں نکاح کا انتظام کرسکتے ہیں۔

﴿۲﴾ منڈپ، اسٹیڈیم، کلب ہاؤس، شادی خانہ وغیرہ میں شرکت سے معذوری ہے۔

﴿۳﴾ جو حضرات منڈپ، اسٹیڈیم، کلب ہاؤس، شادی خانہ وغیرہ میں اپنا ولیمہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ایسے حضرات کے نکاح میں بھی شرکت سے معذوری ہے۔

﴿۴﴾ مجلس نکاح میں گیٹ وغیرہ سجانے سے اور انتظامات میں فضول خرچی سے پرہیز کیا جائے۔

﴿۵﴾ بارات میں جتنا ہوسکے مختصر لوگ ہوں، جنکی تعداد ۱۰ تا ۱۵ سے زائد نہ ہو۔

﴿۶﴾ بارات کی گاڑی کو کسی بھی قسم کی سجاوٹ کرنے سے پرہیز کیا جائے۔

﴿۷﴾ دولہا دولہن کو لباسِ شرعی کی پابندی لازمی ہے۔

﴿۸﴾ دولہا، دولہن کے لیے پھول کا ہار یا کافور وغیرہ کا ہار نیز سہرا، مکھنا، پٹکا وغیرہ سے احترازی لازمی ہے۔

﴿۹﴾ دولہا کو سونے کی انگوٹھی یا بٹن وغیرہ سے جو شرعاً حرام ہے احتراز لازمی ہے۔

﴿۱۰﴾ نکاح میں گواہ اور وکیل کا دولہن کے محرم کا ہونا، محرم کے نہ ہونے پر صرف ولی کی اجازت ہی کافی ہے۔

﴿۱۱﴾ نکاح کے بعد دولہا کھڑے ہوکر سلام نہ کرے۔

﴿۱۲﴾ نکاح میں دولہا کو کلمہ پڑھانے کے لیے مجبور نہ کیا جائے۔

﴿۱۳﴾ چھوہارا وغیرہ لڑکی والوں کی جانب سے تقسیم ہو۔

﴿۱۴﴾ دولہا ہاتھ یا پاؤں میں مہندی لگا کر نہ آئے کیوں کہ یہ درست نہیں ہے۔

شعبۂ اشاعت: مجلس اشاعت الحق ستیہ نگر مسجد یونٹ: ۹ بھوبنیشور اڈیشہ

﴿۱۵﴾ مجلس نکاح میں تصویر کشی سے دونوں فریق کو احتراز لازمی ہے، چاہے تصویر کشی، کیمرہ سے ہو یا موبائل یا ویڈیو شوٹنگ کے ذریعے ہو یہ سب بالکل ناجائز اور حرام ہے۔

﴿۱۶﴾ مجلس نکاح میں کوئی بات خلاف سنت ہو تو نشاندہی کرنے پر فوراً اس پر عمل کی سعی کرنا۔

﴿۱۷﴾ نام ونمود وشہرت کے لیے دعوت ولیمہ نہ کیا جائے نہ اس کے لیے قرض کرنا۔

﴿۱۸﴾ دعوت ولیمہ میں مستورات کا اگر انتظام ہو تو پردہ کا خاص اہتمام کیا جانا، تاکہ مرد وعورت میں کسی قسم کا اختلاط نہ ہو۔

﴿۱۹﴾ دعوت ولیمہ میں سنت کے مطابق فرش پر دسترخوان لگا کر کھانا کھلانے کا نظم کرنا۔

﴿۲۰﴾ قبل از وقت دعوت نہ دینے پر کھانا کھانے سے معذوری ہوگی نیز مصارف سفر داعی کے ذمہ ہوگا۔

تنبیہ :- مذکورہ بالا شرائط کی خلاف ورزی پر بندہ کو فوراً واپس ہو جانے کا اختیار ہوگا۔

والسلام

ناکارہ اظہر کریم

میں نے تمام شرائط کو بغور پڑھا، مجھے یہ تمام شرائط منظور ہیں اور انشاء اللہ تعالی اس پر عمل کرونگا۔

دستخط داعی

منجانب

شعبہ نشر واشاعت مجلس اشاعت الحق مدرسہ فیض شیخ قدم رسول، درگاہ بازار، کٹک، اڈیشہ

رابطہ نمبر: 9437205162 9040205162 9439616323